# بھاجپا حکومت پھر آئی تو سیکورٹی میں لگی پولیس بھی بن جائے گی اگنی ویر

## ڈبل انجن کی حکومت کا انجن ہوا خراب، عوام نے تین مرحلوں میں بھاجپا کا توازن ڈگمگا دیا، چوتھے میں بالکل ڈگمگا جائے گا: اکھلیش یادو

**بھرائچ (ایس این بی)** ریاست کے سابق وزیر اعلیٰ اکھلیش یادو جمعرات کی دوپہر میں سپا امیدوار کی حمایت میں عوامی جلسہ کو خطاب کرنے پہنچے۔ انھوں نے بھاجپا حکومت پر حملہ کرتے ہوئے کہا کہ 400 پار کا جو لوگ نعرہ دے رہے تھے آج عوام کے درمیان میں ان کے تئیں ناراضگی ہے اور جس طریقہ سے کروڑوں ووٹروں نے بھاجپا کو پیغام دیا ہے کہ وہ نعرہ دینا بھول گئے۔ عوام نے پہلے دوسرے اور تیسرے مرحلہ کی پولنگ میں بھاجپا کو کافی پیچھے کر دیا ہے۔ چوتھے اور پانچویں مرحلہ کی پولنگ میں آپ لوگ پولنگ کرکے ان کے منصوبوں کو روکنے کا کام کریں۔ شہر کے گیند گھر میدان میں جمعرات کو سپا سربراہ اور سابق وزیر اعلیٰ اکھلیش یادو کا عوامی جلسہ منعقد ہوا۔ سابق وزیر اعلیٰ ہیلی کاپٹر سے دوپہر 12.15 بجے پولیس لائن پہنچے۔ اس کے بعد وہ شہر کے گیند گھر میدان پہنچے۔ سابق وزیر اعلیٰ کا سپا عہدیداران اور کارکنان نے گلپوشی کرکے استقبال کیا۔ بہرائچ، قیصر گنج اور گونڈہ کے امیدوار کی حمایت میں انھوں نے جلسہ کو 12.40 بجے خطاب کرنا شروع کیا۔ سابق وزیر اعلیٰ اکھلیش یادو نے کہا کہ بھاجپا ماضی کی سب سے جھوٹی پارٹی ہے جبکہ وہ عالم کی سب سے بڑی پارٹی بننے کا دعویٰ کرتی ہے لیکن ترقی کے نام پر کافی پیچھے ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھاجپا کی ڈبل انجن کی حکومت میں کسانوں کی آمدنی دوگنی کرنے کا وعدہ کیا لیکن کسانوں کی کمائی کو بچولیوں کے ہاتھ سونپ دیا۔ انھوں نے کہا کہ مرکزی حکومت نے 4 سال کیلئے اگنی ویر یوجنا شروع کی ہے اس سے نوجوانوں میں ناراضگی ہے۔ اگر بھارتیہ جنتا پارٹی کی حکومت بنی تو ہماری اور آپ کی سیکورٹی میں لگے پولیس اہلکاروں کو بھی اگنی ویر یوجنا میں شامل کردیا جائے گی۔

**لکھیم پور کھیری** : سماجوادی پارٹی کے قومی صدر اکھلیش یادو نے کہا ہے کہ تینوں مرحلوں میں بری طرح شکست کے بعد بی جے پی کے لوگوں میں بوکھلاہٹ ہے۔ لوگ کہتے ہیں کہ تینوں مرحلوں کی پولنگ میں بی جے پی کا توازن بگڑ گیا ہے۔ بگڑے ہوئے توازن کا ہی نتیجہ ہے کہ جن دوستوں سے ان کا دانہ پانی چل رہا تھا اب انہی دوستوں کو نہ جانے کیا کیا کہنے لگے ہیں۔ بی جے پی حکومت نے دس سالوں کے اندر کچھ نہیں کیا ہے۔ اب عوام انہیں اقتدار سے ہٹانے کا کام کر رہی ہے۔ اکھلیش یادو آج لکھیم پور میں کھیری پارلیمانی سیٹ کے لیے سماج وادی پارٹی کے امیدوار اتکرش ورما اور کستہ میں دھورہرا پارلیمانی سیٹ سے سپا کے امیدوار آنند بھدوریہ کی حمایت میں انتخابی جلسہ کر رہے تھے۔ لکھیم پور میں جی آئی سی گراؤنڈ میں ہونے والے انتخابی جلسہ کے دوران اکھلیش یادو نے کورونا ویکسین کے مضر اثرات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ کورونا کے دوران وزیر اعظم ویکسین کو لے کر تشہیر کر رہے تھے۔ سب کو ویکسین لگوا دی۔ اب کمپنی ویکسین واپس لے رہی ہے۔ میں پوچھتا ہوں کہ جن کو ویکسین لگ گئی ہے ان کی ویکسین کیسے واپس نکالو گے۔ ویکسین کے مضر اثرات سامنے آنے کے بعد سرٹیفکٹ سے نریندر مودی کا فوٹو ہٹ گیا ہے۔ کورونا کے دوران پولیس، سرکاری اہلکار و انتظامیہ کے افسران کو بھی ویکسین لگوا دی۔ اب انہیں بھی بیماری کا ڈر ستا رہا ہے۔ ویکسین سے دل کی بیماری کے کیس سامنے آرہے ہیں۔ بی جے پی کے لوگ جان کے پیچھے پڑے ہیں اور اب چار سو کا نعرہ دے کر آئین کے پیچھے پڑ گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ الیکشن صرف ہمارے مستقبل کا ہی نہیں بلکہ آئندہ آنے والی نسل کے مستقبل کا بھی الیکشن ہے۔ اکھلیش یادو نے کہا کہ ایجوکیشن محکمہ میں ہزاروں اسامیاں خالی پڑی ہوئی ہیں۔ بی جے پی ریزرویشن چھیننا چاہتی ہے۔ انہوں نے نوجوانوں سے کہا کہ بی جے پی ہٹاؤ گے تو نوکری پاؤ گے۔ تبھی آئین بھی بچے گا۔ آئین ہماری 'سنجیونی' ہے۔ من کی بات کرنے والے سن لیں کہ عوام آئین کی بات کر رہے ہیں۔ اکھلیش یادو نے کہا کہ کہنے کو ڈبل انجن کی سرکار ہے لیکن پوسٹر سے ایک انجن غائب ہے۔ کھٹارا انجن (بی جے پی امیدوار) کا فوٹو بھی غائب ہے۔ انہوں نے کھیری کی عوام سے اپیل کی کہ وہ کھٹارا انجن ہٹائیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے لوگوں کو اقتدار سے باہر نکالو جو آئین اور قانون سے خود کو بڑا مانتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری انڈیا الائنس کی حکومت بنے گی تو غریب ماں بہنوں کو سال میں لکھپتی بنایا جائے گا۔ شکشا متروں کو مستقل کیا جائے گا اور پرانی پینشن بحال کی جائے گی۔ کسانوں کے قرض معاف کیے جائیں گے۔ جنہوں نے کسانوں پر ظلم کیا ہے ان کا قتل کیا ہے ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔ اکھلیش یادو نے سیلاب کی تباہ کاری کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ سیلاب کے مسئلہ سے بہرائچ، لکھیم پور اور سیتاپور اضلاع متاثر ہوتے ہیں۔ سیلاب کو کنٹرول کرنے کے لیے بڑے سے بڑے سائنٹسٹ اور ماہرین کا سہارا لیا جائے گا۔ اکھلیش یادو نے کھیری پارلیمانی سیٹ سے سماجوادی پارٹی کے امیدوار اتکرش ورما اور دھورہرا پارلیمانی سیٹ سے سماجوادی پارٹی کے امیدوار آنند بھدوریہ کو جتانے کی اپیل کی۔

## فصلوں کی پیداوار بڑھانے کیلئے کسانوں کو معلومات فراہم کی جائیں: ایڈیشنل چیف سکریٹری

**لکھنؤ (ایس این بی)** ایڈیشنل چیف سکریٹری زراعت ڈاکٹر دیویش چترویدی نے کہا کہ رقبہ کے لحاظ سے 2 یا 3 بڑی فصلوں کا انتخاب کیا جانا چاہئے اور کسانوں کو نئی تکنیکوں و طریقوں کے پیکیج کے بارے میں معلومات فراہم کی جانی چاہئے تاکہ ان کی پیداوار میں اضافہ ہو۔ اس میں کسان پاٹھ شالہ میں کسانوں کے ذریعہ بھی معلومات فراہم کی جانی چاہئے جو اس مخصوص علاقہ میں زیادہ سے زیادہ پیداوار حاصل کرتے ہیں۔ خریف سیزن کے گاؤں پنچایت سطح کے سمیناروں اور کسان پاٹھ شالوں کے انعقاد کے سلسلے میں ماسٹر ٹرینروں کے تربیتی پروگرام کا انعقاد آج جمعرات کو کیا گیا تاکہ کسانوں کو زرعی پیداوار اور آمدنی میں اضافہ کیلئے زرعی ٹکنالوجی اور زرعی پیداوار سے متعلق اسکیموں کے بارے میں معلومات فراہم کی جاسکیں۔ ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کسان پاٹھ شالہ کے نفاذ کیلئے ڈائریکٹر زراعت، ایڈیشنل ڈائریکٹر زراعت توسیع، جوائنٹ ڈائریکٹر ایگریکلچر بیورو اور تمام ضلع ڈپٹی ایگریکلچر ڈائریکٹروں سے بھی خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ کسان پاٹھ شالہ میں اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ مخصوص فصل کے علاوہ قدرتی کاشتکاری، فصل کے باقیات کا انتظام، ڈیزاسٹر مینجمنٹ، باغبانی، جانوروں کی غذائیت اور جانوروں کا انتظام، زرعی پیداوار کی تنظیم وغیرہ کو بھی پڑھایا جائے۔ ضلعی ماسٹر ٹرینرز کو زرعی ماہرین نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ کسان پاٹھ شالہ کے ضلع ٹرینروں کی تربیت کیلئے تربیت دی۔ اس کے بعد 10 سے 15 مئی تک ضلع اہلکاروں کو ماسٹر ٹرینروں کے ذریعہ تربیت دی جائے گی اور پھر 16 مئی کو ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ تربیت یافتہ اہلکاروں کا جائزہ لیا جائے گا۔ محکمہ زراعت کے حکام نے بتایا کہ خریف کسان پاٹھ شالہ کا انعقاد 4 مرحلوں میں کیا جائے گا۔ پہلے مرحلے میں 17 سے 25 مئی تک 37 اضلاع میں اس اسکول کا انعقاد کیا جائے گا۔ اس کے بعد دوسرے مرحلے میں 22 سے 30 مئی تک 15 اضلاع میں، تیسرے مرحلے میں 27 مئی سے 4 جون تک 12 اضلاع میں اور چوتھے مرحلے میں 3 جون سے 11 جون تک 11 اضلاع میں۔ کسان پاٹھ شالہ میں کسانوں کو مقامی موسمی حالات کے مطابق اناج، دالوں، تیل کے بیجوں، مویشی پروری اور صنعتی فصلوں کی کم قیمت پر زیادہ سے زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے طریقوں کے بارے میں بتایا جائے گا۔

## دو بہنوں کی موت کا معاملہ: پوسٹ مارٹم میں ہینگنگ آئی رپورٹ

### پولیس نے عورت کو پوچھ گچھ کیلئے حراست میں لیا

**میر گنج/بریلی (ایس این بی)** فتح گنج مغرب کے سفری گاؤں میں بدھ کی شب کو دو سگی بہنوں کی ایک ساتھ مشتبہ حالات میں موت ہوگئی تھی۔ اس خبر سے علاقہ میں افرا تفری مچ گئی۔ پولیس نے دونوں بہنوں کی لاشوں کو قبضہ میں لے کر پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دیا تھا۔ دونوں بہنوں کا جمعرات کو پوسٹ مارٹم ڈاکٹروں کے ذریعہ کیا گیا جس میں دونوں بہنوں کی موت کی وجہ ہینگنگ بتایا گیا ہے۔ پوسٹ مارٹم کے بعد دونوں بہنوں کی لاش گاؤں پہنچی جہاں سیکورٹی کے درمیان اہل خانہ نے آخری رسوم ادا کر دیا ہے۔ فتح گنج پولیس نے بتایا کہ مقدمہ میں نامزد عورت چاندنی موریہ کو حراست میں لے کر پوچھ گچھ کی جارہی ہے ساتھ ہی آکاش نام کے نوجوان کی بھی پولیس تلاش کر رہی ہے۔ بتایا جارہا ہے کہ نوجوان واقعہ سے بعد سے فرار ہے۔ معلوم ہو کہ سفری گاؤں کے موریہ کی بڑی بیٹی کلپنا بی اے کی طالبہ تھی جس کی لاش زمین پر پڑی ملی تھی۔ دوسری بیٹی تلسی انٹر کی طالبہ تھی اس کی لاش پھندے سے لٹکی ملی تھی۔ اس دوہرے موت معاملہ میں گاؤں میں سنسنی پھیل گئی اور وہاں ہجوم لگ گیا۔ اطلاع پر ایس پی پولیس فورس کے ساتھ جائے وقوعہ پر پہنچے اور معائنہ کیا۔ گھر کے لوگوں اور پڑوسیوں سے پوچھ گچھ کی گئی حالانکہ کنبہ کے لوگوں نے پڑوس کے رہنے والے اس واقعہ کا ذمہ دار ٹھہرایا ہے اور ان لوگوں کے خلاف نامزد تحریر دی ہے۔ تھانہ انچارج دھننجے کمار پانڈے نے بتایا کہ تحریر کی بنیاد پر جانچ کی جارہی ہے۔

## مودی حقیقی مسائل حل کرنے میں ناکام: یچوری

**حیدر آباد (یو این آئی)** سی پی ایم کے جنرل سکریٹری سیتارام یچوری نے کہا ہے کہ سیم پترودا بین الاقوامی شہری ہیں۔ کوئی بھی ان پر اپنی مرضی کے مطابق لکھنے کیلئے اثر انداز نہیں ہوسکتا۔ وہ کانگریس کے قریب تھے تاہم کانگریس نے ان سے کنارہ کرلیا ہے۔ وزیر اعظم ان کی بات کا مسئلہ بنا رہے ہیں کیونکہ مودی حقیقی مسائل کو حل کرنے میں ناکام رہے۔ ملک کو درپیش بحران کو ختم کرنے میں وزیر اعظم ناکام ہوگئے ہیں۔ عوام کو درپیش ذریعہ معاش کے مسئلہ کو حل کرنے میں مودی ناکام ہوگئے ہیں۔ ملک میں سب سے زیادہ بے روزگاری ہے۔ ضروری اشیا کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے۔ وزیر اعظم ان پر بات نہیں کرنا چاہتے۔ ان کو ان مسائل کا حل بتانا چاہئے۔

## امریکہ ہندوستان کے عام انتخابات میں خلل ڈالنا چاہتا ہے: روس

**ماسکو، (ایجنسیاں)** ملک میں جاری عام انتخابات کے دوران روس نے ایک سنسنی خیز دعویٰ کیا ہے۔ اس نے کہا ہے کہ امریکہ ہندوستان کے لوک سبھا انتخابات میں خلل ڈالنے کی کوشش کر رہا ہے۔ روس کی سرکاری نیوز ایجنسی آر ٹی کے حوالے سے میڈیا میں آئی خبروں کے مطابق امریکہ ہندوستان کی سیاسی صورت حال کو خراب کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ خبروں کے مطابق روس کی روسی وزارت خارجہ کی ترجمان ماریہ زخارووا نے کہا کہ امریکہ دراصل ہندوستان کی سیاسی صورت حال کا توازن بگاڑنا چاہتا ہے۔ وہ ہندوستان کی سیاسی سمجھ اور تاریخ کو نہیں سمجھتا۔ روسی ترجمان نے یہ بیان ہندوستان میں مذہبی آزادی کے حوالے سے امریکہ کی رپورٹ کے تناظر میں دیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ

امریکہ ہندوستان کی مذہبی آزادی کے حوالے سے مسلسل بے بنیاد الزامات لگا رہا ہے۔ اس کے ذریعے وہ ہندوستان کے اندرونی سیاسی منظرنامے کو درہم برہم کرتے ہوئے عام انتخابات کو مزید پیچیدہ کرنا چاہتا ہے اور یہ ہندوستان کی توہین ہے۔ روسی ترجمان ماریہ زخارووا نے گروپونت سنگھ پنو کے قتل کی کوشش کا بھی ذکر کیا ہے اور کہا ہے کہ ہماری معلومات کے مطابق واشنگٹن نے ابھی تک پنو نامی شخص کے قتل کی سازش میں ہندوستانی شہریوں کے ملوث ہونے کی کوئی قابل اعتماد معلومات یا ثبوت پیش نہیں کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ کی سرگرمیاں واضح طور پر ہندوستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت کی عکاسی کرتی ہیں جو ہندوستان کی خود مختاری اور سالمیت کا مذاق اڑانے کے مانند ہے۔

## بلاک دفتر کے ریکارڈ روم سے 50 سال پرانا ریکارڈ چوری

### چوری کے پیچھے دفتر کے کسی کارکن کے ملوث ہونے کا شک، تحقیقات کا اشارہ

**دیوبند (اشرف عثمانی/ ایس این بی)** دیوبند تحصیل علاقہ کے ناگل بلاک دفتر کے ریکارڈ روم کی الماری سے 50 سال پرانا ریکارڈ چوری ہوگیا۔ چوری کا پتہ چلنے پر بلاک آفس میں کھلبلی مچ گئی، بی ڈی او اسلم پرویز نے اس معاملہ میں شکایت درج کرائی ہے۔ بی ڈی او اسلم پرویز نے بتایا کہ منگل کی صبح سینئر آفس اسسٹنٹ پروین کمار اور لیٹر ریڈر تیج پال ریکارڈ روم سے ریٹائرڈ اردو مترجم جمشید علی کی سال 99-1998 کی رپورٹ بنانے کے لیے دستاویزات جمع لینے گئے تھے۔ جیسے ہی انہوں نے دفتر کی قدیم عمارت میں ریکارڈ روم کا دروازہ کھولا تو وہاں رکھی آٹھوں الماریوں سے تمام دستاویزات غائب تھے اور ریکارڈ روم کی تمام الماریاں خالی تھیں۔ چوروں نے ریکارڈ روم کے پچھلے گیٹ سے چوری کی واردات کو انجام دیا۔ انہوں نے بتایا کہ ریکارڈ روم سے چوری ہونے والے تمام دستاویزات 1970 سے یہاں رکھے گئے تھے۔ امکان ظاہر کیا جارہا ہے کہ چوری کی واردات کو پہلے ہی انجام دیا جاچکا تھا تاہم منگل کو ریکارڈ روم کا دروازہ کھولا گیا تو دستاویزات چوری ہونے کی اطلاع ملی۔ انہوں نے بتایا کہ ریکارڈ روم کی الماریاں آخری بار 23/ فروری کو دیکھی گئی تھیں، اس وقت تمام ریکارڈ محفوظ تھا۔ شبہ ہے کہ ریکارڈ چوری کے پیچھے دفتر سے وابستہ کسی کارکن کا ہاتھ ہے کیونکہ باہر کے چور کو ریکارڈ چوری کرکے کچھ حاصل نہیں۔ چیف ڈیولپمنٹ آفیسر سُمت راجیش مہاجن نے کہا کہ یہ معاملہ ان کے علم میں نہیں ہے۔ واقعے کی تحقیقات کی جائیں گی۔ اس سلسلہ میں سی او دیوبند اشوک کمار سسودیا ناگل کے بلاک دفترت کے ریکارڈ روم سے دستاویزات چوری ہونے کی شکایت موصول ہوئی ہے۔ اس معاملے کی تحقیقات کرکے کارروائی کی جائے گی۔ دوسری خبر میں نامعلوم چوروں نے ایک بند مکان کے دن کے اجالے میں تالے توڑ کر وہاں رکھے لاکھوں روپے کی نقد رقم اور قیمتی سامان چوری کرلیا۔ متأثرہ شخص نے کوتوالی پہنچ کر نامعلوم چوروں کے خلاف تحریر دیتے ہوئے کارروائی کئے جانے کا مطالبہ کیا ہے۔ تفصیل کے مطابق دیوبند کے قریبی گاؤں مقبرہ کے باشندے پٹھو نے دیوبند کوتوالی میں ایک تحریر دیتے ہوئے بتایا ہے کہ وہ اپنے خاندان کے افراد کے ساتھ کسی کام سے اپنے گھر سے باہر گیا ہوا تھا کہ اسی دوران نامعلوم چوروں نے اس کے گھر کے تالے توڑ کر گھر میں رکھی 3 لاکھ 15 ہزار روپے کی نقد رقم اور لاکھوں روپے کے زیورات کے علاوہ ایل ای ڈی اور دیگر قیمتی سامان چوری کرلیا۔ پٹھو نے بتایا کہ جب وہ اپنے گھر پہنچا تو گھر کے تالے ٹوٹے ہوئے تھے اور سامان چاروں طرف بکھرا پڑا تھا۔

## بے ہوش ہوکر گرے نوجوان کی موت

**لکھنؤ (ایس این بی)** سروجنی نگر تھانہ علاقہ میں ایک پرائیویٹ کمپنی میں کام کرنے والا نوجوان گھر پہنچتے ہی بے ہوش ہوکر زمین پر گر گیا۔ اطلاع ملتے ہی اس کے گھر والے اسے فوری طور پر علاج کے لیے نجی اسپتال لے گئے۔ ڈاکٹروں نے اس کا علاج شروع کیا، اس دوران کچھ دیر بعد اس کی موت ہوگئی۔ متاثرہ کے اہل خانہ کی اطلاع پر پہنچی پولیس نے لاش کو قبضے میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا۔ تھانہ علاقہ کی گوری کالونی میں رہنے والا سونو پانڈے (32) بسنت کھیڑا گاؤں کے قریب واقع ایک پرائیویٹ کمپنی میں کام کرتا تھا، اپنی بیوی ارمیلا اور معصوم بیٹی مانسی اور بیٹے راگھو کے ساتھ رہتا تھا۔ سونو کے والد مہیش پانڈے کے مطابق بدھ کی شام تقریباً آٹھ بجے سونو گھر پہنچا اور اچانک بے ہوش ہوگیا۔ جیسے ہی گھر والوں کو واقعہ کا علم ہوا، وہ اسے قریبی نجی اسپتال لے گئے، جہاں ابتدائی علاج کے دوران سونو کی موت ہوگئی۔ متوفی کے رشتہ داروں کے مطابق سونو نے کرشنا نگر میں رہنے والے اپنے دوست منیش کنوجیا کے ساتھ مل کر آن لائن سامان کی خرید و فروخت کا کاروبار شروع کیا تھا۔ اس کاروبار کو شروع کرنے کے لیے سونو نے منیش کو 25 لاکھ روپے دے کر دکان کھولی، لیکن کچھ دنوں کے بعد منیش دکان بند کرکے بھاگ گیا۔ کچھ دنوں کے بعد جب سونو نے منیش سے ملاقات کی اور اپنے پیسے واپس مانگے تو منیش نے پیسے دینے سے انکار کردیا، جس پر سونو نے پولیس اسٹیشن میں اس کی شکایت کی۔

## گومتی نگر میں ووٹر بیداری ریلی

**لکھنؤ (ایس این بی)** گومتی نگر جن کلیان مہاسمیتی اور پرکاش بال ودیا مندر انٹر کالج وشال

کھنڈ-ا کے تعاون سے آج جمعرات کو صبح ووٹر بیداری ریلی کا انعقاد کیا گیا جس میں مہاسمیتی کے عہدیدار، سبھی صدور، سکریٹری، خازن کے ساتھ پرکاش بال ودیا مندر انٹر کالج کے طلبہ، ٹیچر و دیگر اہلکاروں نے شرکت کی۔ مہاسمیتی کے عہدیداروں نے ووٹروں سے اپیل کی کہ وہ خود اور اپنے کنبے و آس پاس کے لوگوں کو آئندہ 20 مئی کو صد فیصد پولنگ کے لئے بیدار کریں۔ طلبہ اور ان کے اہل خانہ کو یہ ذمہ داری سونپی گئی ہے کہ وہ اس کام میں اپنا سرگرم رول ادا کریں۔ ریلی میں ڈاکٹر بی این سنگھ، ڈاکٹر راگھویندر شکلا، کرنل اے این پانڈے، سی جی نائر، آر ڈی موریہ، کے کے موریہ، اشوک گپتا، نفیس احمد و وارث علی سمیت کثیر تعداد میں مہاسمیتی و دیگر کمیٹیوں کے عہدیداروں نے شرکت کی۔

## لیسا کے چاروں زون کے چیف انجینئروں نے پٹرولنگ کرکے جانچا لوڈ

**لکھنؤ (ایس این بی)** یو پی پی سی ایل کے چیئرمین ڈاکٹر آشیش گوئل کی سرزنش کے بعد جمعرات کو لیسا کے چاروں زون کے چیف انجینئروں نے اپنے اپنے علاقوں میں پٹرولنگ کرکے بجلی بندوبست کا جائزہ کیا۔ اس دوران زیادہ تر فیڈروں میں سپلائی نظام معمول پایا گیا لیکن جہاں پر چھوٹی چھوٹی خامیاں ملی انھیں فوری طور سے ایس ڈی او جے جی کو لگا کر دور کرایا گیا۔ پٹرولنگ پر نکلے چیف انجینئروں نے بتایا کہ زیادہ لائن لاس والے فیڈروں کی شناخت کرنے کی ہدایت دی گئی ہے اور ایکزیکیٹو انجینئر و ایس ڈی او، جے ای کو بجلی سپلائی بندوبست معمول رکھنے کی ہدایت بھی دی گئی ہے۔ لیسا کے سروجنی نگر زون کے چیف انجینئر رجت جنیجا نے جمعرات کو بنگلہ بازار، آشیانہ و عالم باغ بجلی سب اسٹیشن سے ٹرانس میشن ہائی لائن لاس والے فیڈروں کی پٹرولنگ کی اور پاور ٹرانسفارمروں کا لوڈ جانچا۔ انھوں نے بتایا کہ پٹرولنگ کے پہلے دن زیادہ تر فیڈروں کا لوڈ معمول پایا گیا۔ انھوں نے کہا کہ متعلقہ ڈویژنوں کے ایکزیکیٹو انجینئر، ایس ڈی او اور جونیئر انجینئروں کو نظر رکھنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ اسی طرح جانکی پورم زون کے چیف انجینئر سنیل کپور نے بخشی کا تالاب کے بھورو مئوسب اسٹیشن، باگھا مئو فیڈر کا معائنہ کرکے پاور ٹرانسفارمروں کے لوڈ کو جانچا۔ چیف انجینئر کی ہدایت پر سپرنٹنڈنگ انجینئر اول آر پی کین نے راج بھون ڈویژن کے ہری پور فیڈر کی پٹرولنگ جونیئر انجینئروں کے ساتھ پیدل کی۔ اس دوران لائن میں ملی خامیوں کو دور کرایا گیا۔ چیف انجینئر سینٹرل روی اگروال نے بتایا کہ ان کے زون میں تقریباً 380 فیڈر رہے جس میں دو فیڈروں میں کوئی ٹریپلنگ گزشتہ ایک ہفتہ میں نہیں ہوئی۔ اسی طرح 202 ایسے فیڈر رہے جن میں صرف دو مرتبہ ٹریپلنگ کی شکایت پائی گئی۔ انھوں نے بتایا کہ ہائی لائن لاس والے فیڈروں کی شناخت کرلی گئی ان میں جلد ہی لائن لاس صفر کرالیا جائے گی۔

## دو خاتون چوروں نے دفتر میں لگے انورٹر کی بیٹری چوری کرلی

**لکھنؤ (ایس این بی)** آشیانہ تھانے کے علاقے میں کباڑ جمع کرنے والی دو خواتین چوروں نے پراپرٹی ڈیلر کے دفتر میں نصب انورٹر کی بیٹری چوری کرلی اور فرار ہوگئیں۔ خاتون چور کی یہ حرکت دفتر میں نصب سی سی ٹی وی کیمرے میں قید ہوگئی۔ سی سی ٹی وی فوٹیج کی بنیاد پر متاثرہ نے تھانے میں تحریری شکایت دی۔ پولیس متاثرہ کی شکایت پر مقدمہ درج کرنے کے بعد خاتون چوروں کی تلاش کر رہی ہے۔ پیشہ سے بجلی کے محکمے میں ٹھیکیدار رویندر کمار مشرا ولد راجندر مشرا آشیانہ تھانہ علاقہ کے ایل ڈی اے کالونی سیکٹر-ایچ میں رہتا ہے، بنگلہ بازار کے الڈیکو ودیان-ا کے قریب واقع فاؤنٹین پلازہ میں پراپرٹی ڈیلنگ کا دفتر چلاتا ہے۔ متاثرہ کے مطابق، 2 مئی کی صبح تقریباً 3.30 بجے، کباڑ جمع کرنے والی دو خواتین اس کے دفتر کے احاطے میں داخل ہوئیں اور انورٹر کی بیٹری چرالی۔

## ’خالصتانی عناصر کو کنٹرول کرنے کی سخت ضرورت‘

**نئی دھلی، (ایجنسیاں)** برطانیہ کے قومی سلامتی کے مشیر (این ایس اے) ٹن بیرو نے جمعرات (09 مئی) کو اپنے ہم منصب ہندوستان کے این ایس اے اجیت ڈوبھال سے ملاقات کی۔ ٹم بیر 2 روزہ دورے پر ہندوستان آئے ہیں۔ اس دوران انہوں نے وزیر خارجہ ایس جے شنکر سے بھی ملاقات کی۔ اجیت ڈوبھال کے ساتھ بات چیت میں ٹیکنالوجی اور سیکورٹی اقدامات جیسے مسائل کو اٹھایا گیا۔ ڈوبھال نے برطانیہ میں بڑھتی ہوئی سکھ بنیاد پرستی پر تشویش کا اظہار کیا اور برطانوی حکومت کو خالصتانی عناصر پر لگام لگانے کی ضرورت کی طرف توجہ دلائی۔ یہ مسئلہ خالصتان کے حامی عناصر کی طرف سے لندن میں پرتشدد مظاہروں کی حالیہ اقساط کے پیش نظر اٹھایا گیا تھا۔ جس میں مارچ 2023 میں خالصتان لبریشن فورس (کے ایل ایف) کے رہنما اوتار سنگھ کھنڈا کی طرف سے منعقد کیا گیا احتجاج بھی شامل تھا۔ بیر دونوں ممالک کے این ایس اے کی قیادت میں ایک اعلیٰ سطحی مذاکرات میں حصہ لینے کیلئے ہندوستان آئے ہیں، جس کا مقصد سلامتی، ٹیکنالوجی اور علاقائی امور سمیت مختلف محاذوں پر تعاون کو وسیع کرنا ہے۔ ایس جے شنکر نے برطانیہ کے قومی سلامتی کے مشیر کے ساتھ دو طرفہ، علاقائی اور عالمی مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔

## قیدیوں کی بھیڑ کم کرنے کا حل اوپن جیل

**نئی دھلی، (ایجنسیاں)** قیدیوں کی بازآبادکاری پر تبصرہ کرتے ہوئے ملک کی سپریم کورٹ نے اوپن جیلوں کا مشورہ دیا ہے۔ عدالت نے کہا ہے کہ اوپن جیلوں کی مدد سے قیدیوں کی بھیڑ بھاڑ پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ کھلی یا جزوی طور پر کھلی جیلوں میں قیدیوں کو دن کے وقت احاطے سے باہر کام کرنے کی اجازت دی جاسکتی ہے، تاکہ وہ اپنی زندگی گزارنے کیلئے کچھ کما سکیں۔ تمام قیدی اپنا کام مکمل کرنے کے بعد شام کو جیل واپس جاسکتے ہیں تاکہ قیدی بھی سماج سے جڑسکیں اور ان کا نفسیاتی دباؤ کم ہوسکے۔ قیدیوں کی درخواست پر سماعت کرتے ہوئے جسٹس بی آر گوئی اور سندیپ مہتا کی بنچ نے کہا کہ ملک بھر میں کھلی جیلوں کے پھیلاؤ پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ بنچ نے کہا کہ راجستھان میں ایسا نظام موجود ہے اور اس پر مؤثر طریقے سے کام کیا جارہا ہے۔ جیلوں میں بھیڑ بھاڑ کو کم کرنے کا بہترین طریقہ کھلی جیلیں یا کھلے کیمپ ہیں۔

## کسانوں کے لئے خریف کسان پاٹھ شالہ کا انعقاد

**لکھنؤ (ایس این بی)** کسانوں کو زرعی پیداوار اور آمدنی میں اضافہ کے لئے زرعی تکنیک کی معلومات فراہم کرنے اور زرعی پیداوار سے متعلق اسکیمیں کسانوں تک پہنچانے کے لئے خریف موسم کی گاؤں پنچایت سطح کے مذاکرے / کسان پاٹھ شالہ کا انعقاد کے سلسلہ میں ماسٹر ٹرینرز کا تربیتی پروگرام ویڈیو کانفرنسنگ کے توسط سے آج جمعرات کی سہ پہر تین بجے سے ہوا۔ پروگرام میں ویڈیو کانفرنسنگ کے توسط سے ایڈیشنل چیف سکریٹری نے کسان پاٹھ شالہ پر عمل درآمد کے لئے ڈائریکٹر زراعت اترپردیش اور ایڈیشنل ڈائریکٹر زراعت، جوائنٹ ڈائریکٹر زراعت اترپردیش اور سبھی ضلع کے ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت کو ہدایت دی کہ مخصوص علاقوں کی بنیاد پر دو یا تین فصلوں کا انتخاب کرکے کسانوں کو نئی تکنیک، پیکیج آف پریکٹیسیز کی معلومات فراہم کریں۔ اس کے ساتھ ہی کسانوں کو کسان پاٹھ شالہ میں معلومات فراہم کی جائے۔ خریف کسان پاٹھ شالہ چار مرحلوں میں لگائی جائے گی۔ پہلا مرحلہ 17 سے 25 مئی (37 اضلاع) دوسرا مرحلہ 22 سے 30 مئی (15 اضلاع) تیسرا مرحلہ 27 مئی سے 4 جون (بارہ اضلاع) اور چوتھا مرحلہ 3 سے 11 جون (گیارہ اضلاع) میں ہوگا۔ جس میں کسانوں کو خوردنی اشیاء، شری انّ، دلہن، تلہن، مویشی پروری اور صنعتی فصلوں کی کم لاگت میں زیادہ پیداوار کے سلسلہ میں بتایا گیا۔

## راشن میں گیہوں کی تقسیم کی مقدار کو بحال کیا جائے گا

**لکھنؤ (ایس این بی)** کم خرید کے باعث ڈیڑھ سال قبل کی گئی گندم کی مقدار میں کمی بحال ہونے کا امکان ہے۔ اس سال گندم کی اچھی خرید کے باعث یہ امکان پیدا ہوا ہے۔ اب تک ریاست میں تقریباً ساڑھے سات لاکھ میٹرک ٹن گیہوں کی خرید کی جاچکی ہے جو گزشتہ 2 سال کی مجموعی خرید سے تقریباً دوگنی ہے۔ گزشتہ 2 سال میں یوپی میں گیہوں کی بہت کم خرید ہوئی ہے۔ گزشتہ سال حکومت کی جانب سے صرف 2.18 لاکھ میٹرک ٹن گندم خریدا جاسکا تھا جبکہ حکومت نے 60 لاکھ میٹرک ٹن کی خرید کا ہدف رکھا تھا۔ اسی طرح مالیاتی سال 23-2022 میں تقریباً ساڑھے تین لاکھ میٹرک ٹن گندم خریدا جاسکا۔ مسلسل 2 سال سے گندم کی کم خرید کی وجہ سے راشن میں گندم کی مقدار کم اور چاول کی مقدار بڑھا دی گئی۔ ماہرین کے مطابق تخفیف سے قبل راشن میں 3 کلو گندم اور 2 کلو چاول فی یونٹ دیا جاتا تھا۔ گندم کی مقدار کم ہونے کے بعد 2 کلو گندم اور 3 کلو چاول دیے گئے۔ تب سے راشن میں اسی مقدار میں اناج تقسیم کیا جارہا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ اس سال گندم کی خرید بہتر ہونے کا امکان ہے۔ اب تک 7.32 لاکھ میٹرک ٹن گندم خریدا جاچکا ہے۔ گندم کی خرید میں ابھی 2 ماہ سے زیادہ کا وقت باقی ہے۔ حکام کو 50 لاکھ میٹرک ٹن سے زیادہ گندم کی خرید کی توقع ہے۔

## بقیہ ........................................ بقیہ

### کجریوال کے خلاف ..................

منی لانڈرنگ ایکٹ کے بغیر بھی بہت سے رہنما عدالتی حراست میں ہوں گے، تو کسی کے ساتھ خصوصی سلوک کیوں کیا جائے۔ ای ڈی نے سپریم کورٹ کو اروند کجریوال کے رویے کے بارے میں بتاتے ہوئے کہ یہی اروند کجریوال تھے جنہوں نے انتخابی مہم کا حوالہ دیتے ہوئے ای ڈی کے سمن کو نظرانداز کیا تھا۔ واضح رہے کہ اس سے قبل منگل کو عرضی پر سماعت کرتے ہوئے سپریم کورٹ نے کہا تھا کہ اروند کجریوال ایک منتخب وزیر اعلیٰ ہیں اور وہ عادتاً مجرم نہیں ہیں۔ عدالت نے کہا تھا کہ انتخابات قریب ہیں اور دہلی کے وزیر اعلیٰ کیلئے یہ غیر معمولی حالات ہیں۔

دوسری جانب تہاڑ جیل میں بند کجریوال کی مشکلات کم ہونے کے آثار نظر نہیں آرہے ہیں۔ ای ڈی ذرائع کے مطابق ای ڈی جمعہ کو دہلی شراب گھوٹالہ معاملہ میں ضمنی چارج شیٹ داخل کرسکتا ہے۔ یہ ضمنی چارج شیٹ کجریوال اور کے کویتا کے خلاف داخل کی جاسکتی ہے۔ واضح رہے کہ جمعہ کو ہی سپریم کورٹ اروند کجریوال کی عبوری ضمانت کی درخواست پر اپنا فیصلہ سنا سکتا ہے۔ ای ڈی نے دہلی شراب گھوٹالہ معاملے میں بی آر ایس لیڈر کے کویتا کو 15 مارچ اور کجریوال کو 21 مارچ کو گرفتار کیا تھا۔ ای ڈی کی چارج شیٹ پر عام آدمی پارٹی کے ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ بی جے پی کی چارج شیٹ ہے، ای ڈی کی نہیں۔ بی جے پی کا کام صرف اروند کجریوال کو بدنام کرنا ہے، ذرائع کے مطابق ای ڈی سپلیمنٹری چارج شیٹ میں کجریوال کا نام لے سکتا ہے اور دہلی کے وزیر اعلیٰ کو کلیدی ملزم بنانے کے بعد عام آدمی پارٹی بھی ای ڈی کی کارروائی کی زد میں آسکتی ہے۔ دریں اثنا دہلی کے ایل جی نے ایک معاملہ میں کجریوال کے خلاف این آئی اے جانچ کی بھی سفارش کی ہے۔

### پریوار کی ..................

ملک کو تقسیم کرنے کی سازش کر رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کانگریس کے دور میں ملک کی سرحدیں غیر محفوظ تھیں۔ آتنک واد اور نکسل واد عروج پر تھا وہیں سپا رام بھکتوں پر گولیاں چلواتی تھی اور دہشت گردوں کے مقدمے واپس لیتی تھی مگر اس بار پورے ملک میں ایک ہی آواز گونج رہی ہے۔ لکھیم پور کھیری کے محمدی میں دھورہرہ پارلیمانی سیٹ کے لئے انتخابی ریلی کو خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ الیکشن ایک فیصلہ کن موڑ پر آچکا ہے۔ اب تک تین مرحلوں کے انتخابات ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس مرتبہ پہلی بار دیکھنے کو مل رہا ہے کہ کسی حکومت نے دس سال کی مدت پوری کی ہو اور اس کے بعد بھی عوام پورے جوش کے ساتھ اس کے امیدواروں کو کامیاب بنانے جارہے ہیں۔ سیتاپور کے بسواں میں عوامی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے یوگی نے کہا کہ پورا الیکشن رام بھکتوں اور رام مخالفین کے درمیان ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اجودھیا ہمارا پوتر دھام ہے۔ آج کی اجودھیا تریتا یگ کے رامائن دور کی یاد دلائے گی اور کاشی میں ست یگ کے درشن ہوں گے۔

### اپوزیشن اتحاد ..................

رات 10 بجے تک الیکشن کمیشن کے اپ ڈیٹ کردہ اعداد و شمار کے مطابق 65.68 فیصد ووٹنگ ہوئی۔ الیکشن کمیشن کی طرف سے پیر کو جاری کردہ ایک پریس ریلیز میں ووٹنگ فیصد کے اعداد و شمار کے ساتھ ہر سیٹ پر ووٹرز کی کل تعداد بھی شامل ہے۔ مختلف اپوزیشن جماعتوں نے بھی انتخابی مہم کے دوران وزیر اعظم نریندر مودی اور بی جے پی کے دیگر رہنماؤں کی تقاریر کے حوالے سے الیکشن کمیشن سے رجوع کیا ہے اور الزام لگایا ہے کہ انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی گئی ہے۔